# سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ 2006

# SINDH ACT NO.X OF 2006

# سندھ سرکاری ملازمین ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ایکٹ، 2005

# THE SINDH CIVIL SERVANTS HOUSING FOUNDATION ACT, 2005

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات۔

Short Titile, Commencment and applicationt

2. تعریف۔

Definations.

3. فاؤنڈیشن کا قیام

Establishment of the Foundation

4. بورڈ آف ڈائریکٹر۔

Board of Directors.

5. عارضی آسامی

Casual vacancy

6. بورڈ کے اجلاس

Meetings of the Board

7. بورڈ کے کام اور اختیارات

Powers and Functions of the Board

8. مئینیجنگ ڈائریکٹر۔

Managing Director.

9. سالانہ پروگریس رپورٹ۔

Annual progress report

10. فنڈ کا قیام۔

Establishment of Fund

11. فاؤنڈیشن کی میمبر شپ۔

Membership of the foundation

12. میمبر شپ ختم کرنا۔

Termination of membership

13. کنٹریبیوشن جمع کرنے کا طریقہ اور اکاؤنٹس

Manner of Collection of contribution and maintenance of accounts

14. رہائشی یونٹس کا اخراج۔

Disposal of residential

15. رہائشی یونٹس کی قیمت مقام، درجہ بندی اور مختص کرنا

Location,categorization,allocation and price of residential units.

16. بجٹ اور آڈٹ۔

Budget and audit.

17. حکومت کی طرف سے کام۔

Functions by Government

18. سرکاری ملازم۔

Public servants

19. قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

20. ضوابط بنانے کا اختیار۔

Power to make regulations.

# سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ 2006

# SINDH ACT NO.X OF 2006

# سندھ سرکاری ملازمین ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ایکٹ، 2005

# THE SINDH CIVIL SERVANTS HOUSING FOUNDATION ACT, 2005

[22 دسمبر 2006]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں سرکاری ملازمین اور رٹائرڈ سرکاری ملازمین کو نہ نفع نہ نقصان کی بنیادوں پر گھر فراہم کرنے کے لیئے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن قائم کی جائے گی۔

تمہید

جیسا کہ سندھ صوبے میں سرکاری ملازمین اور رٹائرڈ سرکاری ملازمین کو نہ نہ نفع نہ نقصان کی بنیادوں پر گھر فراہم کرنا اور اس سے متعلق اور اس سے منسلک معاملات کے لیئے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن قائم کرنا ضروری ہوگیا ہے،

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات۔

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ سرکاری ملازمین ہاؤسنگ فاؤندیشن ایکٹ۔،2005 کہا جائے گا۔

(2) یہ دفعہ فوری نافذ ہوجائے گی اور بقیہ گنجائیش ایسی تاریخ اور ایسے طریقے سے نافذ العمل ہونگی جیسے حکومت نے سرکاری گزیٹ میں مطلع کیا ہو۔

تعریف۔

Definations

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے برعکس نہ ہو تب تک:

(a) ”بورڈ“ سے مراد فاؤنڈیشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز،

(b) ”سرکاری ملازم“

(i) وہ شخص جو کہ صوبے کی سرکاری ملازمت کا میمبر ہے؛

(ii) وہ شخص جو کہ صوبے کے معاملات سے متعلق سرکاری عہدہ رکھتا ہے؛ یا

(iii) پاکستان کا سرکاری ملازم جو کہ حکومتی ملازمت کے زیر تحت ہو جس نے فاؤنڈیشن کا انتخاب کیا ہو اور میمبر شپ کی بیان کردہ شرائط کے مطابق ہو؛

بشرطیکہ ایسا شخص کانٹریکٹ بنیادوں پر زیر ملازمت نہ ہو یا ورک چارج بنیادوں پر، یا ہنگامی حالات سے ادا کیا جاتا ہے؛

(c) ''خاندان'' سرکاری ملازمت کے سلسلے میں مندرجہ ذیل ترتیب میں اس کے تعلقات

(i) بیوی، بیویاں یا خاوند، جیسا معاملہ ہو؛

(ii) بچے، اگر ساتھ رہتے ہوں اور مکمل طور پر انحصار کرتے ہوں،؛ اور

(iii) والدین، بہنیں، اور نابالغ بھائی، اگر ساتھ رہتے ہوں یا مکمل طور پر انحصار کرتے ہوں؛

(d) ''فاؤنڈیشن'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ سندھ سول سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن؛

(e) ''فنڈ'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ فنڈ؛

(f) ''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت؛

(g) ''مئینجنگ ڈائریکٹر'' سے مراد فاؤنڈیشن کا مئینجنگ ڈائریکٹر؛

(h) ''میمبر'' سے مراد ایک سرکاری ملازم یا رٹائرڈ سرکاری ملازم جو کہ فاؤنڈیشن کا میمبر ہو؛

(i) ''بیان کردہ'' سے مراد قواعد اور ضوابط کے تحت بیان کیئے گئے؛

(j) '' ضوابط اور قواعد سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط اور قواعد؛ اور

(k) ''رٹائرڈ سرکاری ملازم'' مراد وہ شخص جو کہ صوبے کی سرکاری ملازمت سے رٹائرڈ ہو؛

فاؤنڈیشن کا قیام

Establishment of the Foundation

3.(1) اس ایکٹ کی شروعات کے بعد جتنا جلد ممکن ہو سکے حکومت ایک فاؤنڈیشن قائم کرے گی، جس کو سندھ سول سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کہا جائے گا۔

(2) کارپوریشن باڈی کارپوریٹ ہوگی جس کو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق حقیقی وارثی اور عام مھر حاصل ہونے کے ساتھ اختیارات حاصل ہونگے کی دونوں قسم کی منقولہ اور

غیر منقولہ جائیداد حاصل کر سکتی ہے اور اس پر کیس ہو سکتا ہے۔

(3) حکومت وقتاً فوقتاً جائیداد منتقل یا نزول کر سکے گی، زمین، مفت میں، جو کہ استعمال کی جائے گی اس مقصد کے لیئے جس مقصد کے لیئے فاؤنڈیشن قائم کی گئی ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹر۔ Board of Directors.

4.(1) فاؤنڈیشن کا ایک بورڈ ہو گا جو کہ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو گا:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | چیف سیکریٹری، | چیئرمین |
| (b) | ایڈیشنل چیف سیکریٹری لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ، | ایکس آفیشو ڈائریکٹر |
| (c) | ایڈیشنل چیف سیکریٹری (ڈویژن) پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ، | ایکس آفیشو ڈائریکٹر |
| (d) | سینیئر میمبر، بورڈ آف ریونیو، | ایکس آفیشو ڈائریکٹر |
| (e) | سیکریٹری فنانس ڈیپارٹمنٹ، | ایکس آفیشو ڈائریکٹر |
| (f) | سیکریٹری ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ، | ایکس آفیشو ڈائریکٹر |
| (g) | سیکریٹری (جی اے)، سروسز، جنرل | ایکس آفیشو ڈائریکٹر |
| (h) | سندھ کے تین سرکاری ملازم جن میں سے ایک بی ایس 17 کے ملازمین کی نمائندگی کرے گا، جن کو مخصوص مدت کے لیئے حکومت کی طرف سے مقرر کیا جائے گا۔ | ڈائریکٹرز |
| (i) | تین دوسرے افراد، جن کو مخصوص مدت کے لیئے حکومت کی طرف سے مقرر کیا جائے، اور | ڈائریکٹرز |
| (j) | فاؤنڈیشن کا مئینجنگ ڈائریکٹر، جو کہ بورڈ کا بھی ہو گا | ڈائریکٹر |

(2) ڈائریکٹر، جو کہ ایکس آفیشو ڈائریکٹر نہیں ہو گا، حکومت کی مرضی سے عہدہ رکھ سکتا ہے،

(3) حکومت کسی بھی وقت پر ایسے کسی ڈائریکٹر کو بیان کردہ طریقے کے مطابق اسکے عرصہ مدت کے دوران ہٹا سکتی ہے۔

(4) ڈائریکٹر، جو کہ ایکس آفیشو ڈائریکٹر نہ ہو، کسی بھی وقت پر عہدے سے استعفیٰ دے

سکتا ہے۔

5. ڈائریکٹر کی فوتگی، استعفیٰ یا برطرفی کے سبب خالی آسامی سوائے ایکس آفیشو ڈائریکٹر کے، حکومت کی طرف سے آسامی سوائے ایکس آفیشو ڈائریکٹر کے، حکومت کی طرف سے آسامی قابل اہل فرد کے ذریعے پر کی جائے گی ایسا ڈائریکٹر سابقہ ڈائریکٹر کی رہتی مدت تک عہدہ رکھ سکتا ہے۔

عارضی آسامی

Casual vacancy

6.(1) بورڈ کے اجلاس ایسے طریقے اور ایسے وقت پر اور جگہ پر طلب کیئے جائیں گے جیسا ضوابط میں بیان کیا گیا ہو، بشرطیکہ جب تک ضوابط نہ بنائے گئے ہوں اجلاس اس طرح رکھے جائیں گے جیسا چیئرمین ہدایت کرے۔

بورڈ کے اجلاس

Meetings of the Board

(2) بورڈ کے اجلاس کا کورم کم از کم تین ایکس آفیشو ڈائریکٹرز سمیت چھ ڈائریکٹر پر ہو گا۔

(3) بورڈ کے فیصلے اکثریت رائے اور موجود ڈائریکٹرز کی ووٹنگ سے طے کیئے جائیں گے اور اگر ڈائریکٹرز یکساں تقسیم ہو جاتے ہیں تو چیئرمین کو ووٹ کا اختیار حاصل ہو گا۔

7. بورڈ کو مندرجہ ذیل اختیارات حاصل ہونگے:

مئینجنگ ڈائریکٹر۔

Powers and Functions of the Board

(a) اس کے بعد بیان کردہ طریقے کے مطابق فاؤنڈیشن کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے بشمول رقم کے خرچ اور سرمایہ کاری کے فنڈ کے قیام کے لیئے قدم اٹھانا؛

(b) فاؤنڈیشن کی ملکیت، فنڈز اور وسائل کو رکھنا، اس پر ضابطہ کرنا اور انتظام کرنا اور ایسی سیکورٹی کے تحت جیسا بیان کیا گیا ہو فاؤنڈیشن کے مقصد کے لیئے فنڈز اکٹھا کرنا؛

(c) کاموں کے منصوبوں پر غور کرنا اور فاؤنڈیشن کے سالانہ بجٹ منظور کرنا؛

(d) سندھ صوبے کے اندر جہاں بھی ضروری ہوا زمین کا انتظام کرنا، خرید کرنا یا حاصل کرنا؛

(e) رہائشی کالونیز اور یونٹس تیار کرنا، جس مقصد کے لیئے زمین کو ترقی دلوانا اور ان کو مساجد ،مارکیٹس، سماجی سہولیات، تعلیمی اور صحت کے مراکز یا دوسری ضروری سرگرمیوں کا میمبرز اور میمبرز کے خاندانوں کے فائدے اور بہتری کے لیئے مہیا کرنا؛

(f) اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قواعد کے مطابق گھروں، فلیٹس میمبروں کی منتقلی کے لیئے رہائشی یونٹس کے لیئے کوارٹرز کی تعمیر کے لیئے زمین کی ترقی کے لیئے اہم منصوبہ تیار

کرنا؛

(g) تنظیمیں بنانا اور ایسے افراد کو ملازمت پر رکھنا جو کہ فاؤنڈیشن کے معاملات چلانے کے لیئے ضروری ہوں؛

(h) فاؤنڈیشن کی ہاؤسنگ اسکیمیز پر ضابطہ رکھنا اور تمام ضروری خدمات کے فعال ہونے اور دیکھ بھال کرنا؛

(i) قبضہ رکھنے والوں سے ایسی فیس اور استعمال کردہ سے دوسرے چارجز وصول کرنا، جیسا بیان کیا گیا ہو؛

(j) فاؤنڈیشن کے اثاثے، منقولہ یا غیر منقولہ فروخت یا نیکال کرنا ایسے طریقے سے جیسا بورڈ کی طرف سے طے کیا گیا ہو؛

(k) فاؤنڈیشن کے ملازمین کی ملازمت کے شرائط اور ضوابط طے کرنا؛

(l) فنڈ میں سے خرچ کرنے کے لیئے با اختیار بنانا؛

(m) اپنے کوئی بھی اختیار اور کام کسی شخص یا اشخاص کی باڈی کو منتقل کرنا؛

(n) ایسی کمیٹی یا ذیلی کمیٹیز بنانا جو اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضروری ہوں؛

(o) فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کی نگرانی کرنا؛

(p) ضوابط اور ان کی ترامیم کی منظوری دینا؛ اور

(q) ایسے اقدام لینا جو کہ مندرجہ بالا کاموں کے لیئے ضروری اور لازمی ہوں؛

سالانہ پروگریس رپورٹ۔

Managing Director.

8.(1) فاؤنڈیشن کا ایک مینجنگ ڈائریکٹر ہوگا، جو کہ فاؤنڈیشن کا چیف ایگزیکٹیو ہوگا:

(2) مئینیجنگ ڈائریکٹر بورڈ کی طرف سے مخصوص عرصے کے لیئے حکومت کی منظوری سے مقرر کیا جائے گا۔

(3) مئینیجنگ ڈائریکٹر ایسے اختیارات کا استعمال کرے گا اور ایسے کام سرانجام دے گا جو کہ بورڈ کی طرف سے طے کیئے جانے ہوں۔

(4) مئینیجنگ ڈائریکٹر اس طرح عہدہ سے دست بردار ہوگا جیسا بیان کیا گیا ہو۔

فنڈ کا قیام۔

9.(1) مئینیجنگ ڈائریکٹر ہر مالی سال کے آخر میں ایک سالانہ پروگریس رپورٹ تیار کرے گا۔

(2) یہ رپورٹ بورڈ کے اجلاس میں جمع کروائی جائے گی، جب بھی رپورٹ کی تیاری کے بعد

Annual progress report

ایسے اجلاس کو طلب کیا جائے۔

فاؤنڈیشن کی میمبر شپ۔

Establishment of Fund

10.(1) اس ایکٹ کی شروعات کے بعد جتنا جلد از جلد ممکن ہو سکے فاؤنڈیشن حکومت کی مدد سے ایک فنڈ قائم کرے گی۔

(2) فنڈ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو گا:

(a) ایسی گرانٹس جو کہ وقتاً فوقتاً حکومت کی طرف سے جاری کی جائیں،

(b) نجی اور عوامی تنظیموں کی طرف سے دوسرے حصے اور چندے،

(c) ایسے قرض اور ایڈوانسز جن کی جہاں ضرورت ہو مالیاتی اداروں سے حکومت کی مدد سے حاصل کیئے جائیں،

(d) میمبرز کی طرف سے وقتاً فوقتاً کی گئی کنٹریبوشنز،

(e) مختلف ذرائع سے آمدنی اور سرمایہ کاری میں سے فائدہ،

(f) فیس اور استعمال کرنے کی چارجز،

(g) فاؤنڈیشن کے اثاثوں کی فروخت یا نیکال سے حاصل کردہ رقم، اور

(h) فاونڈیشن کی طرف حاصل کردہ دوسری تمام رقوم اور دوسرے وسائل میں سے آمدنی،

میمبر شپ ختم کرنا۔

Membership of the Foundation

11.(1) سرکاری ملازم اور ریٹائرڈ سرکاری ملازم ایسے طریقے سے فاؤنڈیشن کا میمبر ہو سکتا ہے، جیسا قواعد میں بیان کیا گیا ہو۔

(2) میمبر ایسا ماہانہ کنٹری بیوشن دینے کا ذمہ دار ہو گا، جیسا بورڈ کی طرف سے وقتاً فوقتاً طے کیا جائے۔

کنٹریبیوشن جمع کرنے کا

12. میمبر کی میمبر شپ بورڈ کی طرف سے اس طرح ختم کی جائے گی، جیسا قواعد کے مطابق بیان کیا گیا ہو۔

| | |
|---|---|
| طریقہ اور اکاؤنٹنٹس دسنبھالنا۔ | |
| Termination of membership | |
| رہائشی یونٹس کا اخراج۔ | 13.(1) ماہانہ کنٹر بیوشنز اس طرح کی جائیں گی جیسے بیان کیا گیا ہو۔ |
| Manner of Collection of contribution and maintenance of accounts. | (2) فاؤنڈیشن ہر میمبر کے حساب سے علحیدہ حساب رکھے گی، اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ میمبر کی طرف سے ادا کردہ کنٹری بیوشنز کی رقم حاصل کی گئی ہے اور فاؤنڈیشن کی کتابوں میں حساب رکھا گیا ہے۔ |
| رہائشی پلاٹس کی لوکیشن، کیٹگرائزیشن، ایلوکیشن اور قیمت | (14) اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق، فاؤنڈیشن میمبر کی فوتگی کی صورت میں اپنے میمبرز یاان کے خاندانوں کے حق میں رہائشی یونٹس کا نیکال کرے گی۔<br>بشرطیکہ رہائشی یونٹس کا میمبر مذکورہ بالا ضروریات سے تجاوز کرنے کی صورت میں، جیسا کی تجویز کیا گیا ہو اسی طریقے سے نمٹا جائے۔ |
| Disposal of residential units. | |
| مقام ،درجہ بندی، مختص | 15.(1) ہاؤسنگ اسکیمز ایسی جگہوں پر جاری کی جائیں گی جیسا بورڈ کی طرف سے طے کیا گیا ہو پر |

| | |
|---|---|
| کرنااور رہائشی یونٹس کی قیمت Location,categorization,allocation and price of residential units | شروعاتی اسکیم اہم پروجیکٹ کے طور پر ایک یا مزید موزوں جگہوں پر کراچی میں شروع کی جائیں گی اور جب ہاؤسنگ اسکیمز دوسری جگہوں پر شروع کی جائیں گی تب میمبر کو اپنی پسند کی جگہ منتخب کرنے کے لیئے تین آپشنز دیئے جائیں گے۔ |
| | (2) میمبر کو بورڈ کی طرف سے اس کی سنیارٹی رٹائرمینٹ کی تاریخ یا کوئی دوسری کوئی مستحق ہونے کی خاص حالت کو دیکھ کر مخصوص کیٹگری کا رہاشی یونٹ دیا جائے گا۔ |
| | (3) ہر رہائشی یونٹ یا ہر رہائشی یونٹ کی کیٹگری کی قیمت بورڈ کی طرف سے طے کی جائے گی۔ |
| | (4) میمبر کی طرف سے تمام ادائیگیاں مارک اپ کے ریٹ پر سالانہ اپ ڈیٹ کی جائیں گی، جیسا بورڈ کی طرف سے وقتاً فوقتاً طے کیا جائے۔ |
| | (5) رہائشی یونٹ کا قبضہ تب تک نہیں دیا جائے گا جب تک کہ یونٹ کی مکمل قیمت کی ادائیگی نہ ہو جائے۔ |
| | (6) میمبر بیان کردہ عرصے کے لیئے ملے ہوئے رہائشی یونٹ کو فروخت نہیں کر سکتا۔ |
| بجٹ اور آڈٹ۔ Budget and audit. | 16. فاؤنڈیشن کے بجٹ بورڈ کی طرف سے منظور کیئے جائیں گے اور اس کے اکاؤنٹنس اس طرح آڈٹ کیئے جائیں گے، جیسا بیان کیا گیا ہو۔ |
| حکومت کی طرف سے کام۔ Functions by Government | 17.(1) فاؤنڈیشن اپنے کام، اقدام اس طرح لے گی، جیسا ہدایات کے ذریعے رہنمائی کی جائے گی، جو حکومت وقتاً فوقتاً اس کو دے۔ |
| | (2) حکومت بورڈ سے کوئی رپورٹ، ڈاکومنٹس، ریٹرن یا کوئی معلومات بورڈ سے متعلق کسی معاملے کے متعلق طلب کر سکتی ہے اور بورڈ ایسی درخواست پر عمل کرے گا۔ |
| سرکاری ملازم۔ | 18. اس ایکٹ کی کسی گنجائش کے سلسلے میں کام کرنے والے یا کام کا ارادہ رکھنے والے تمام |

| | | |
|---|---|---|
| Public servants<br><br>سرکاری ملازم۔<br><br>Public servants | | افراد سرکاری ملازم سمجھے جائیں گے، جیسا پاکستان پینل کوڈ، 1860 کی دفعہ 21 میں بیان کیا گیا ہے۔ |
| | .19 | حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔ |
| ضوابط بنانے کا اختیار۔<br><br>Power to make regulations | .20 | اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قواعد کے مطابق، بورڈ اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے لیئے قواعد بنا سکتا ہے۔ |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**